فوری ریلیز کے لیے: 13/1/2023 | گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL نے نیویارک کے باشندوں کو COVID-19 کے خلاف جنگ میں ریاستی پیش رفت کے بارے میں اپ ڈیٹ کیا ہے***

***گورنر نے نیویارک کے باشندوں کو COVID-19 کے خلاف بچاؤ اور اس کے علاج کے ذرائع کا استعمال جاری رکھنے کے لیے ترغیب دی ہے: ویکسینز، بوسٹرز، ٹیسٹنگ اور علاج***

***گزشتہ روز ریاست بھر میں 30 اموات کی اطلاع***

گورنر Kathy Hochul نے آج نیویارک کے باشندوں کو COVID-19 کے خلاف جنگ میں ریاستی پیش رفت کے بارے میں اپ ڈیٹ کیا اور ان بنیادی اقدامات کی نشاندہی کی جو وہ سردیوں کے موسم میں زیادہ عام ہونے والے سانس کے وائرل انفیکشنز کے پھیلاؤ سے بچانے کے لیے اٹھا سکتے ہیں۔

"میں نیو یارک کے تمام باشندوں کو تاکید کرتی ہوں کہ وہ خود کو، اپنے عزیزوں کو اور اپنی کمیونٹیز کو محفوظ اور صحت مند رکھنے کے لیے مستعد رہیں اور تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لانا جاری رکھیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ویکسین کی خوراکوں کے بارے میں باخبر رہنے کو یقینی بنائیں، اور اجتماعات میں شامل ہونے یا سفر کرنے سے پہلے ٹیسٹ کروائیں۔ اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے، تو اپنے ڈاکٹر سے ممکنہ علاج کے اختیارات کے بارے میں بات کریں۔"

گورنر Hochul نیو یارک کے باشندوں کو ترغیب دے رہی ہیں کہ وہ بیماریوں کی روک تھام والے عمومی اقدامات پر عمل کریں — مثلاً تازہ ترین ویکسینز لگوانا اور حفظان صحت پر مکمل عمل درآمد کرنا — تاکہ ریسپائریٹری سنسیشل وائرس (Respiratory Syncytial Virus, RSV)، فلو اور COVID-19 سے بچاؤ ممکن بنے اور مقامی ہسپتالوں پر مریضوں کا بوجھ کم کیا جا سکے۔ گورنر نے نیو یارک کے باشندوں کو موسمِ سرما میں صحت کے حوالے سے ریاستی تیاری کی کوششوں کے متعلق اپ ڈیٹس فراہم کرتے وقت ان بنیادی اقدامات کا اعادہ کیا۔

گزشتہ ہفتے، ریاستی محکمۂ صحت کی جانب سے اعلان کیا گیا کہ XBB.1.5. ویریئنٹ کی لہر اب نیو یارک میں سب سے زیادہ زوروں پر ہے، جس کے باعث ریاست بھر میں COVID-19 کے 50 فیصد سے زائد انفیکشنز پھیل رہے ہیں۔ ایک ایسے وقت میں ظہور پذیر ہونے کے سبب، کہ جب COVID-19 اور فلُو کے کیسز کی تعداد عروج پر ہے، ابتدائی ڈیٹا یہ ظاہر کرتا ہے کہ XBB.1.5. میں دیگر زیرِ گردش ویریئنٹس کی نسبت منتقل پذیری کی صلاحیت زیادہ ہے، اگرچہ کہ بیماری کی ہلاکت خیزی یا شدت کے حوالے سے واضح تبدیلیوں کا تاحال کوئی ثبوت ظاہر نہیں ہوا۔

ریاستی محکمۂ صحت کی فلو کی نگرانی کی ہفتہ وار رپورٹ ظاہر کرتی ہے کہ موسمی زکام ریاست بھر میں لگاتار چودھویں ہفتے سے پھیلا ہوا ہے، جبکہ آج کی تاریخ تک تمام 62 کاؤنٹیز میں کُل 293,541 مثبت کیسز رپورٹ کیے گئے ہیں۔ رپورٹ میں یہ بھی دیکھا گیا کہ ریاست بھر میں 1,621 ہسپتال داخلوں کے ساتھ 7 جنوری پر اختتام پذیر ہونے والے گزشتہ ہفتے سے ریاست بھر میں تصدیق شدہ کیسز میں 36 فیصد کمی واقع ہوئی، جبکہ مجموعی طور پر ہسپتال داخلوں میں 34 فیصد کمی دیکھنے میں آئی۔

علاوہ ازیں، رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ انتہائی نگہداشت اور طویل مدتی نگہداشتی سہولت گاہوں میں 37 کیسز سامنے آئے ہیں۔ اضافی طور پر کسی بچے کی ہلاکت نہیں ہوئی، جس کے باعث ریاست بھر میں کُل تعداد چھ ہی ہے۔

مسلسل فلو کا موسم رہنے اور بڑے پیمانے پر انفیکشنز ہونے کے پیشِ نظر، گورنر Hochul نیو یارک کے تمام باشندوں کو اپنی سالانہ فلُو ویکسین لگوانے کی ترغیب دے رہی ہیں۔ فلُو کا وائرس اور وہ وائرس جو COVID-19 کا سبب بنتا ہے، دونوں ہی گردش کر رہے ہیں، لہٰذا دونوں کے خلاف ویکسین لگوانا صحت مند رہنے کے ساتھ نگہداشتِ صحت کے نظام پر اضافی دباؤ کو کم کرنے کا بھی بہترین طریقہ ہے۔

محکمۂ صحت اپنی سالانہ عوامی آگاہی مہم جاری رکھے ہوئے ہے، جو بالغ افراد اور والدین کو یہ یاددہانی کرواتی ہے کہ وہ خود اور 6 ماہ اور اس سے زائد عمر کے بچوں کو فلُو اور COVID-19 دونوں کے ٹیکے لگوائیں۔ فلُو ویکسین کلینکس کے بارے میں معلومات کے لیے، مقامی محکمۂ صحت سے رابطہ کریں یا ملاحظہ کریں vaccines.gov/find-vaccines/۔

گورنر Hochul نیو یارک کے باشندوں کو اپنے بائی ویلنٹ COVID-19 ویکسین بوسٹرز لگوانے کی بھی مسلسل تاکید کرتی ہیں۔ حال ہی میں، ریاست نیو یارک کے محکمۂ صحت نے بائی ویلنٹ COVID-19 بوسٹر خوراکوں کے لیے نئی رہنمائی کا اعلان کیا، جو اب 6 ماہ سے کم عمر کے اہل بچوں کے لیے دستیاب ہیں۔

اپ ڈیٹ کردہ بوسٹرز پہلے بوسٹرز ہیں جن کا ہدف اصل وائرس کی سٹرین اور حالیہ گردش کرنے والے ویریئنٹس ہیں، اور انہیں نیو یارک کے نوجوانوں اور تمام اہل افراد کے لیے تجویز کیا جاتا ہے۔ بوسٹر کے لیے اپائنٹمنٹ طے کرنے کے لیے، نیو یارک کے باشندے اپنی مقامی فارمیسی، کاؤنٹی محکمۂ صحت یا نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں؛ vaccines.govملاحظہ کریں؛ اپنا ZIP کوڈ 438829 پر ٹیکسٹ کریں یا قریبی مقامات تلاش کرنے کے لیے 1-800-232-0233 پر کال کریں۔

آج کے ڈیٹا کا مختصر خلاصہ ذیل میں پیش کیا گیا ہے:

- **کیسز فی k100** - 21.94
- **7-روزہ اوسط کیسز فی k100** - 22.03
- **ٹیسٹ کے رپورٹ کردہ نتائج** - 62,582
- **کُل مثبت** - 4,287
- **فی صد مثبت** - 6.32%**
- **7-دن کی اوسط شرح فی صد مثبت** - 6.75%**
- **ہسپتال میں داخل کیے گئے مریض** - 3,518 (-170)
- **نئے داخل شدہ مریض** - 503
- **ICU میں داخل مریض** - 358 (-17)
- **ICU میں داخل مریض جنہیں ٹیوب ڈالی گئی** - 147 (+3)
- **چُھٹی دیئے گئے کُل مریض** - 388,519 (+601)
- **HERDS کے ذریعے نگہداشتِ صحت کے مراکز کی جانب سے اطلاع کردہ نئی اموات** - 30
- **HERDS کے ذریعے نگہداشتِ صحت کے مراکز کی جانب سے اطلاع کردہ کُل اموات** - 60,841

** وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات کی جانب سے ٹیسٹ کی رپورٹنگ کی پالیسی میں تبدیلی اور متعدد دیگر عوامل کی وجہ سے، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- نہ کہ مثبت ہونے کی فی صد شرح۔

صحت کا الیکٹرانک ریسپانس سسٹم ایک NYS DOH ڈیٹا کا سورس ہے جو صرف ہسپتالوں سے، نرسنگ ہومز اور بالغان کی نگہداشت کی سہولت گاہوں سے روزانہ اموات کا مصدقہ ڈیٹا حاصل کرتا ہے۔

**اہم نوٹ:** بروز پیر، 4 اپریل سے مؤثر، وفاقی محکمہ صحت اور انسانی خدمات ( Department of Health and Human Services, HHS) کو مزید جانچ کی ان سہولیات کی ضرورت نہیں ہے جو منفی نتائج کی اطلاع دینے کے لیے COVID-19 ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹس استعمال کرتی ہیں۔ نتیجے کے طور پر، لیب کی جانب سے رپورٹ شدہ PCR نتائج کو استعمال کرتے ہوئے نیویارک ریاست کے فی صد مثبت پیمانے کا حساب لگایا جائے گا۔ مثبت اینٹی جن ٹیسٹ کو فی الحال نیویارک ریاست میں رپورٹ کیا جائے گا اور روزانہ کے نئے کیسوں کی اور کیس فی k100 کی رپورٹنگ میں PCR اور اینٹی جن ٹیسٹس دونوں شامل ہوں گے۔ اس تبدیلی اور دوسرے عوامل کی وجہ سے، جن میں ٹیسٹنگ کے طریقوں میں تبدیلیاں شامل ہیں، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- فی صد مثبت نہیں۔

- **CDC کو رپورٹ کی گئی اور ان کی جانب سے اندراج شدہ کل اموات -** 77,325

COVID-19 کے وفات کے صوبائی سرٹیفکیٹ کا روزانہ کا یہ ڈیٹا جو NYS DOH اور NYC کی جانب سے CDC کو رپورٹ کیا گیا ہے اس میں وہ لوگ شامل ہیں جو ہسپتالوں، نرسنگ ہومز، بالغان کی نگہداشت کی سہولت گاہوں، گھر پر، شفاخانوں اور دیگر ماحول سمیت، کسی بھی مقام پر وفات پا گئے ہوں۔

- **ویکسین کی لگائی گئی کُل خوراکیں -** 43,544,732
- **گزشتہ 24 گھنٹوں میں لگائی گئی ویکسین کی کُل خوراکیں -** 13,245
- **گزشتہ 7 دنوں میں لگائی گئی ویکسین کی کُل خوراکیں -** 90,390
- **نیو یارک کے 18 سال اور اس سے زائد عمر کے باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل سیریز لگ چکی ہے -** 85.4%
- **نیو یارک کے 18 سال اور اس سے زائد عمر کے باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل سیریز لگ چکی ہے (CDC) -** 90.5%

- **نیو یارک کے 18 سال اور اس سے زائد عمر کے باشندوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں -** 15.1%

- **نیو یارک کے 12-17 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل سیریز لگ چکی ہے -** 74.4%
- **نیو یارک کے 12 تا 17 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل سیریز لگ چکی ہے (CDC) -** 76.1%
- **نیو یارک کے 12-17 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں -** 5.7%
- **نیو یارک کے 5-11 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل سیریز لگ چکی ہے -** 39.8%
- **نیو یارک کے 5-11 سالہ شہریوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل سیریز لگ چکی ہے (CDC) -** 40.7%
- **نیو یارک کے 5-11 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں -** 3.1%
- **نیو یارک کے 0-4 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل سیریز لگ چکی ہے -** 7.1%
- **نیو یارک کے 0-4 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں -** 7.1%
- **نیو یارک کے ان تمام باشندوں کی شرح فیصد جن کی ویکسین سیریز مکمل ہو چکی ہے -** 76.3%

- **نیو یارک کے ان تمام باشندوں کی شرح فیصد جن کی ویکسین سیریز مکمل ہے (CDC) -** %80.6
- **نیو یارک کے تمام باشندوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں -** %13.0

ہر علاقے کی 7-دن کی اوسط برائے کیس فی K100 آبادی حسبِ ذیل ہے:

| **علاقہ** | **منگل، 10 جنوری 2023** | **بدھ، 11 جنوری 2023** | **جمعرات، 12 جنوری 2023** |
|---|---|---|---|
| Capital Region | 17.82 | 15.68 | 15.20 |
| Central New York | 15.92 | 16.14 | 15.77 |
| Finger Lakes | 13.89 | 14.44 | 13.29 |
| Long Island | 31.78 | 29.26 | 26.03 |
| Mid-Hudson | 28.50 | 27.17 | 25.85 |
| Mohawk Valley | 16.81 | 16.90 | 16.72 |
| New York City | 28.22 | 26.83 | 25.44 |
| North Country | 13.50 | 13.88 | 13.30 |
| Southern Tier | 13.34 | 12.25 | 11.64 |
| Western New York | 13.13 | 13.23 | 12.43 |
| **ریاست گیر** | **24.68** | **23.46** | **22.03** |

ہر علاقے میں 7-دن کے مثبت ٹیسٹ کے نتائج کی اوسط شرح جو گزشتہ تین دنوں میں رپورٹ کی گئی وہ حسبِ ذیل ہے**:

| **علاقہ** | **منگل، 10 جنوری 2023** | **بدھ، 11 جنوری 2023** | **جمعرات، 12 جنوری 2023** |
|---|---|---|---|
| Capital Region | 8.55% | 7.46% | 7.58% |
| Central New York | 6.76% | 6.65% | 6.88% |
| Finger Lakes | 6.74% | 6.81% | 6.51% |
| Long Island | 8.01% | 7.69% | 7.15% |
| Mid-Hudson | 8.26% | 7.45% | 7.04% |
| Mohawk Valley | 7.68% | 8.17% | 8.13% |
| New York City | 6.97% | 6.76% | 6.29% |
| North Country | 6.60% | 6.81% | 6.73% |
| Southern Tier | 6.62% | 6.60% | 6.26% |
| Western New York | 11.15% | 11.36% | 10.97% |
| **ریاست گیر** | **7.45%** | **7.16%** | **6.75%** |

** وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات کی جانب سے ٹیسٹ کی رپورٹنگ کی پالیسی میں تبدیلی اور متعدد دیگر عوامل کی وجہ سے، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- نہ کہ مثبت ہونے کی فی صد شرح.

نیویارک سٹی کی ہر بورو کے 7-دن کے مثبت ٹیسٹ کے نتائج کی اوسط شرح جو گزشتہ تین دنوں میں رپورٹ کی گئی وہ حسبِ ذیل ہے**:

| NYC میں بورو | منگل، 10 جنوری 2023 | بدھ، 11 جنوری 2023 | جمعرات، 12 جنوری 2023 |
|---|---|---|---|
| Bronx | 8.27% | 8.63% | 8.41% |
| Kings | 5.30% | 4.84% | 4.29% |
| New York | 6.39% | 6.71% | 6.47% |
| Queens | 9.24% | 9.06% | 8.81% |
| Richmond | 7.19% | 6.96% | 6.73% |

** وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات کی جانب سے ٹیسٹ کی رپورٹنگ کی پالیسی میں تبدیلی اور متعدد دیگر عوامل کی وجہ سے، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- نہ کہ مثبت ہونے کی فی صد شرح۔

ریاست نیو یارک میں گزشتہ روز، نیو یارک کے 4,287 مکینوں کے COVID-19 کے ٹیسٹ مثبت آئے، جس سے کل تعداد 6,503,602 ہو گئی ہے۔ ایک جغرافیائی تقسیم حسبِ ذیل ہے:

| کاؤنٹی | کُل مثبت | نئے مثبت |
|---|---|---|
| Albany | 77,478 | 56 |
| Allegany | 10,659 | 9 |
| Broome | 57,765 | 43 |
| Cattaraugus | 19,009 | 9 |
| Cayuga | 20,074 | 14 |
| Chautauqua | 28,970 | 23 |
| Chemung | 26,323 | 8 |
| Chenango | 11,672 | 2 |
| Clinton | 22,143 | 17 |
| Columbia | 13,542 | 8 |
| Cortland | 13,114 | 4 |
| Delaware | 9,975 | 9 |
| Dutchess | 83,306 | 68 |

| | | |
|---|---|---|
| 130 | 264,826 | Erie |
| 2 | 7,532 | Essex |
| 2 | 11,914 | Franklin |
| 11 | 16,342 | Fulton |
| 7 | 16,368 | Genesee |
| 9 | 10,766 | Greene |
| - | 1,087 | Hamilton |
| 12 | 17,167 | Herkimer |
| 25 | 26,510 | Jefferson |
| 3 | 7,231 | Lewis |
| 11 | 14,191 | Livingston |
| 9 | 16,556 | Madison |
| 104 | 189,067 | Monroe |
| 17 | 14,828 | Montgomery |
| 290 | 541,613 | Nassau |
| 35 | 58,685 | Niagara |
| 2,164 | 3,036,846 | NYC |
| 49 | 67,984 | Oneida |
| 100 | 140,463 | Onondaga |
| 19 | 25,759 | Ontario |
| 122 | 137,358 | Orange |
| 5 | 10,370 | Orleans |
| 16 | 34,007 | Oswego |

| | | |
|---|---|---|
| 11 | 13,067 | Otsego |
| 19 | 31,066 | Putnam |
| 15 | 41,099 | Rensselaer |
| 92 | 117,153 | Rockland |
| 33 | 60,575 | Saratoga |
| 24 | 42,930 | Schenectady |
| 6 | 6,498 | Schoharie |
| - | 4,293 | Schuyler |
| 2 | 7,544 | Seneca |
| 7 | 25,927 | St. Lawrence |
| 17 | 25,030 | Steuben |
| 267 | 560,726 | Suffolk |
| 27 | 24,165 | Sullivan |
| 4 | 13,874 | Tioga |
| 8 | 26,122 | Tompkins |
| 60 | 42,282 | Ulster |
| 14 | 18,613 | Warren |
| 9 | 15,501 | Washington |
| 9 | 21,590 | Wayne |
| 243 | 329,839 | Westchester |
| 2 | 9,819 | Wyoming |
| 6 | 4,389 | Yates |

ذیل میں دیا گیا ڈیٹا ظاہر کرتا ہے کہ ہسپتال میں داخل افراد جن کا COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت آیا ان میں سے کتنے ایسے ہیں جن کو COVID-19/COVID-19 کی پیچیدگیوں کے لیے داخل کیا گیا تھا اور کتنے افراد ایسے ہیں جن کو COVID-19 سے غیر متعلقہ کیفیات کی وجہ سے داخل کیا گیا تھا:

| علاقہ | COVID-19 کے وہ مریض جو حالیہ طور پر ہسپتال میں داخل ہیں | COVID کے سبب یا COVID کی پیچیدگیوں کی وجہ سے داخل ہوئے ہیں | COVID کی وجہ سے یا COVID کی پیچیدگیوں کی وجہ سے داخلے کی % | داخل ہوئے جبکہ داخلے کی وجوہات میں COVID شامل نہیں | ان افراد کی % جو داخل ہوئے جبکہ داخلے کی وجوہات میں COVID شامل نہیں |
|---|---|---|---|---|---|
| Capital Region | 160 | 88 | 55.0% | 72 | 45.0% |
| Central New York | 112 | 62 | 55.4% | 50 | 44.6% |
| Finger Lakes | 283 | 78 | 27.6% | 205 | 72.4% |
| Long Island | 695 | 312 | 44.9% | 383 | 55.1% |
| Mid-Hudson | 451 | 199 | 44.1% | 252 | 55.9% |
| Mohawk Valley | 47 | 20 | 42.6% | 27 | 57.4% |
| New York City | 1,473 | 606 | 41.1% | 867 | 58.9% |
| North Country | 48 | 34 | 70.8% | 14 | 29.2% |
| Southern Tier | 72 | 22 | 30.6% | 50 | 69.4% |
| Western New York | 177 | 63 | 35.6% | 114 | 64.4% |
| **ریاست گیر** | **3,518** | **1,484** | **42.2%** | **2,034** | **57.8%** |

اب Omicron ویریئنٹ منتشر ہونے والے وائرسز میں 95% سے زیادہ کی نمائندگی کرتا ہے۔ ویریئنٹ کی ٹریکنگ پر مزید معلومات کے لئے، براہ کرم یہاں ملاحظہ کریں: COVID-19 ویریئنٹ ڈیٹا | محکمۂ صحت (ny.gov)۔

گزشتہ روز COVID-19 کی وجہ سے مجموعی طور پر 30 نئی اموات رپورٹ کی گئیں، جس سے کُل تعداد 60,841 ہو گئی۔ رہائش کی کاؤنٹی کے اعتبار سے، ایک جغرافیائی تقسیم کاری حسبِ ذیل ہے:

| کاؤنٹی | نئی اموات |
|---|---|
| Albany | 1 |
| Bronx | 1 |
| Cattaraugus | 1 |
| Erie | 2 |
| Fulton | 1 |
| Jefferson | 1 |
| Kings | 4 |
| Montgomery | 1 |
| Nassau | 2 |

| | |
|---|---|
| 1 | New York |
| 1 | Otsego |
| 1 | Putnam |
| 2 | Queens |
| 1 | Rensselaer |
| 2 | Saratoga |
| 1 | Schenectady |
| 1 | Seneca |
| 5 | Suffolk |
| 1 | Westchester |
| **30** | **کُل میزان** |

نیویارک کے باشندے جو 5 تا 11 سالہ بچوں کے لئے ویکسین کی اپائنٹمنٹس شیڈول کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں انہیں ترغیب دی جاتی ہے کہ اپنے بچوں کے ماہرِ اطفال، خاندانی فزیشن، کاؤنٹی کے صحت کے محکموں، وفاق کی جانب سے سندیافتہ صحت کے مراکز (Federally Qualified Health Centers)، دیہی مراکزِ صحت، یا فارمیسیز سے رابطہ کریں جو اس عمر کے گروپ کے لئے ویکسین لگا رہے ہوں۔ والدین اور سرپرست vaccines.gov ملاحظہ کر کے، اپنا ZIP کوڈ 438829 پر ٹیکسٹ کر کے، یا 1-800-232-0233 پر کال کر کے قریبی مقامات کے بارے میں معلوم کر سکتے ہیں۔ یہ اطمینان کر لیں کہ فراہم کنندہ Pfizer-BioNTechCOVID-19 ویکسین فراہم کرے، کیونکہ ابھی تک اس عمر کے گروپ کے لیے دیگر COVID-19 ویکسینز کی اجازت نہیں ہے۔

نئی معلومات، اکثر پوچھے گئے سوالات اور جوابات، اور خاص طور پر اس عمر کے بچوں کے والدین اور سرپرستوں کی خاطر تیار کردہ وسائل کے لیے والدین اور سرپرستوں کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

نیویارک کے جن باشندوں نے ویکسین اور بوسٹر ڈوز لگوا لی ہے، علاقے کے حساب سے ان کی ایک جغرافیائی تقسیم حسبِ ذیل ہے:

| | فراہم کنندہ کے مقام کے لحاظ سے علاقائی ویکسینیشن کا ڈیٹا | |
|---|---|---|
| | وہ لوگ جن کی ویکسین سیریز مکمل ہے | افراد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں |
| **علاقہ** | **مجموعی کُل** | **مجموعی کُل** |
| Capital Region | 909,543 | 213,585 |
| Central New York | 616,050 | 139,630 |
| Finger Lakes | 831,815 | 225,540 |
| Long Island | 2,021,206 | 352,230 |
| Mid-Hudson | 1,573,344 | 318,238 |
| Mohawk Valley | 311,517 | 64,988 |
| New York City | 7,454,558 | 909,402 |
| North Country | 284,688 | 59,931 |
| Southern Tier | 419,597 | 99,992 |
| Western New | 910,171 | 213,654 |

| | | |
|---|---|---|
| | | York |
| **2,597,190** | **15,332,489** | **ریاست گیر** |

| | **بوسٹر/اضافی شاٹس** | |
|---|---|---|
| **گزشتہ 7 روز میں اضافہ** | **مجموعی کُل** | **علاقہ** |
| 3,854 | 809,728 | Capital Region |
| 3,184 | 538,984 | Central New York |
| 4,520 | 854,050 | Finger Lakes |
| 9,509 | 1,833,362 | Long Island |
| 8,269 | 1,493,886 | Mid-Hudson |
| 1,357 | 275,402 | Mohawk Valley |
| 31,070 | 4,742,301 | New York City |
| 1,120 | 250,139 | North Country |
| 2,175 | 384,585 | Southern Tier |
| 4,144 | 877,894 | Western New York |
| **69,202** | **12,060,331** | **ریاست گیر** |

COVID-19 ویکسین ٹریکر ڈیش بورڈ نیو یارک کے باشندوں کو COVID-19 ویکسین کی تقسیم کے بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کرنے کے لیے دستیاب ہے۔ نیو یارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ ویکسین لگانے والی فیسیلٹیز سے 24 گھنٹے کے اندر COVID-19 ویکسین لگوائے جانے کا تمام ڈیٹا رپورٹ کرنے کا تقاضا کرتا ہے؛ ڈیش بورڈ پر موجود ویکسین لگوانے کا ڈیٹا روزانہ اپ ڈیٹ ہوتا ہے تاکہ ریاست میں ویکسینیشن کی کوششوں کے لیے سب سے اپ ٹو ڈیٹ پیمائشیں دکھائی جا سکیں۔ NYSIIS اور CIR کی جانب سے ریاست نیویارک کے محکمۂ صحت کو اطلاع کردہ اعداد و شمار وفاقی طور پر اطلاع کردہ اعداد و شمار سے تھوڑے سے مختلف ہیں، جس میں وفاق کی طرف سے لگائی گئی خوراکیں اور دیگر معمولی فرق شامل ہیں۔ مذکورہ بالا ریلیز میں دونوں کے اعداد و شمار شامل ہیں۔

آج کی ریلیز میں اطلاع کردہ ویکسینیشن ڈیٹا کو اپ ڈیٹ کر کے نیویارک کے "اپ ٹو ڈیٹ" باشندوں کو شامل کیا گیا ہے۔ اپ ٹو ڈیٹ ان افراد کی کل تعداد کو ظاہر کرتا ہے جنہوں نے COVID-19 کی تمام ویکسینیشنز، بشمول بائی ویلنٹ بوسٹر، عمر کی مناسبت سے اور طبی سفارشات (CDC کی جھلک COVID-19 ویکسینیشن شیڈولز) کے طریق کار کے مطابق اور مکمل لگوائی ہے۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418



ان سبسکرائب کریں